نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے فیلڈ فارمیشنز کو خصوصی ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور 15 جنوری 2025: صوبہ پنجاب کو کپاس کی پیداوار کے لحاظ سے منفرد مقام حاصل ہے۔ پنجاب میں کپاس کی کاشت بارے پلان کی تیاری حتمی مرحلہ میں داخل ہو چکی ہے۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں کپاس کی کاشت سے متعلق پلان کی تیاری بارے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا کہ فیصل آباد، ساہیوال، سرگودھا، ملتان، ڈی جی خان اور بہاولپور ڈویژنز میں کپاس کی اگیتی کاشت کرائی جائے گی۔ کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے فیلڈ فارمیشنز کو خصوصی ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔ کپاس کی کاشت کیلئے ڈویژنل و ڈسٹرکٹ کاٹن مینجمنٹ کمیٹیاں تشکیل دی جا رہی ہیں۔ اس کے علاوہ امسال کپاس کی اگیتی کاشت کرنے والے کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی کیلئے خصوصی پیکج بھی زیرِ غور ہے۔ مارکیٹوں میں کوالٹی بیج کی بروقت دستیابی یقینی بنانے کیلئے مانیٹرنگ بھی کی جائے گی۔ کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے دستیاب خالی زمینوں کا ڈیٹا مرتب کیا جا رہا ہے۔ اس ضمن میں کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے کماد، تیلدار اجناس اور آلو سے خالی ہونے والی زمینوں کا ریکارڈ مرتب کیا جائے گا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ اگیتی کپاس کی کاشت کیلئے گاؤں کی سطح پر کاشتکاروں کا سروے کیا جائے گا۔ کپاس کی اگیتی فصل کیلئے صرف ٹرپل جین اقسام کی کاشت یقینی بنائی جائے گی۔ اگیتی کاشتہ کپاس سے زیادہ پیداوار حاصل ہوتی ہے۔ اگیتی کاشتہ کپاس کی کوالٹی بہتر ہونے کے باعث اچھی قیمت ملتی ہے۔ علاوہ ازیں، اگیتی کاشتہ کپاس کیڑوں اور بیماریوں کے حملہ سے کافی حد تک محفوظ رہتی ہے۔ اجلاس میں اسپشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، رانا تجمل سمیت دیگر افسران نے شرکت کی

☆☆☆☆